Maternity & Neonatal Independent Senior Advocate

زچگی اور نوزائیدہ بچوں کی خودمختار سینئر وکیل (MNISA)

آپ کی زچگی میں یا نوزائیدہ بچے کی دیکھ بھال کے دوران منفی نتائج کے بعد آپ کی مدد کرنا

ہم معذرت خواہ ہیں کہ آپ کو زحمت اٹھانی پڑی ہے۔

ہمیں امید ہے کہ اس کتابچے میں کچھ معلومات ہیں جو اس مشکل وقت میں آپ کے لیے بہت مددگار ہو سکتی ہے۔

NHS میں ایک نیا عہدہ تخلیق کیا گیا ہے جسے زچگی میں اور نوزائیدہ بچوں کی خودمختار سینئر وکیل کہا جاتا ہے۔

شمال مشرقی لندن MNISA اس بات کو یقینی بنانے کے لیے آپ کی مدد کر سکتی ہے کہ آپ کی آواز سنی جاتی ہے، اس پر توجہ دی جاتی ہے اور اس پر عمل کیا جاتا ہے اگر:

- آپ کا بچہ وضع حمل سے پہلے یا اس کے دوران وفات پا گیا ہے (جسے مردہ پیدائش کہا جاتا ہے)۔
- آپ کا بچہ پیدا ہونے کے 28 دنوں کے اندر انتقال کر گیا ہے۔
- بچے کی ماں کا انتقال ہو گیا
- بچے کی پیدائش کے چھ ہفتوں کے اندر رحم براری(آپ کا رحم نکال دیا گیا) ہوئی تھی، اور آپ کو ایسا ہونے کی توقع نہیں تھی
- آپ کی دیکھ بھال انتہائی نگہداشت کے یونٹ یا زیادہ انحصار والے یونٹ میں کی گئی تھی، اور آپ کو یہ توقع نہیں تھی کہ ایسا ہو گا
- آپ کو بتایا گیا تھا کہ آپ کے بچے کو دماغی چوٹ لگی ہے یا لگی ہو سکتی ہے۔

آپ اور آپ کے خاندان کے لیے آپ کی وکیل حاضر ہے اور مندرجہ ذیل کلم کر سکتی ہے:

- آپ کی اور آپ کے خاندان کی مدد کرے تاکہ آپ کی زچگی اور نوزائیدہ بچے کی دیکھ بھال کرنے والی ٹیموں کی جانب سے آپ کی بات سنی جائے اور اس پر توجہ دی جائے
- آپ کے ساتھ ملاقاتوں میں جا سکتی ہے۔
- جو کچھ ہوا تھا اس کے متعلق جاننے میں آپ کی مدد کر سکتی ہے۔
- اگر آپ چاہتی ہیں کہ کسی کو معلوم ہو کہ آپ اپنی نگہداشت سے ناخوش ہیں اور آپ مزید سوالات پوچھنا چاہتی ہیں، تو آپ کی مدد کر سکتی ہے۔
- اگر آپ کو ضرورت ہو تو آپ کے لیے مزید مدد تلاش کرنے کے لیے تفتیش اور شکایات کے عمل کے ذریعے آپ کی مدد کر سکتی ہے۔

یہ وکالت مفت، خود مختار اور رازدارانہ ہے۔

شمال مشرقی لندن کے لیے MNISA Dawn Hobson(ڈان ہوبسن) ہیں۔

Dawn شمال مشرقی لندن میں کسی بھی ہسپتال یا ٹرسٹ کے لیے کام نہیں کرتیں۔ وہ شمال مشرقی لندن کے انضمامی نگہداشت بورڈ (NHS NEL) کے لیے کام کرتی ہیں، جو آپ کے علاقے میں تمام دیکھ بھال کے لیے ذمہ دار ہیں۔

آپ وکیل کو جو کچھ بھی بتانے کا انتخاب کرتے ہیں وہ صیغۂ راز میں ہوتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ وہ آپ کی باتیں کسی اور کو نہیں بتائیں گی جب تک کہ آپ یہ نہ کہیں کہ وہ بتا سکتی ہیں۔

اگر وہ آپ کی حفاظت، یا کسی اور کی حفاظت کے بارے میں فکر مند ہیں، تو انہیں یہ باتیں دوسروں کو بتانی ہوں گی جو مدد کر سکتے ہیں لیکن وہ پہلے آپ کو بتائیں گی۔

بعض اوقات، ہماری وکیل کی ٹیم میں سے کوئی ان کی یہ جانچنے میں مدد کر سکتی ہے کہ آپ کے کوئی پیغامات ہیں کہ جن کا انہیں جواب دینے کی ضرورت ہے۔ اس فرد کے لیے لازمی ہے کہ آپ کی معلومات کے تبادلے کے متعلق انہی اصولوں پر عمل کرے۔

Dawnکے متعلق مزید

شمال مشرقی لندن کی زچگی اور نوزائیدہ بچوں کی خودمختار سینئر وکیل Dawn Hobson ہیں۔®

انہوں نے اپنی پیشہ ورانہ زندگی کا آغاز NHS کی نرس کے طور پر کیا، 13 سال تک فالج کی دیکھ بھال میں تدریس اور تحقیق جاری رکھی۔

Dawn کو فی الحال Healthwatch Redbridge کے ساتھ ایک منصوبے میں کردار ادا کرنے کی حمایت حاصل ہے، جہاں انہوں نے شمال مشرقی لندن میں زچگی کے دو بڑے منصوبوں کی قیادت کی

Dawn ایک خودمختار وکیل ہیں جو مقامی NHS نظاموں سے واقف ہیں، اور آپ کی مدد کر سکتی ہیں کہ آپ محسوس کریں کہ نگہداشت فراہم کرنے والوں نے آپ کی بات سنی ہے۔

زچگی اور نوزائیدہ بچوں کی آزادانہ وکالت کے شعبے سے رابطہ کیسے کریں:

آپ MNISA سروس کو براہِ راست کال کر سکتے ہیں، یا آپ کی زچگی یا نوزائیدہ بچوں کی دیکھ بھال میں شامل نگہداشتِ صحت کے کسی بھی اہلکار سے بات کر سکتے ہیں۔ وہ سروس کو آپ سے رابطہ کرنے کے لیے کہہ سکتے ہیں۔

یہ سروس مفت ہے۔

ضرورت پڑنے پر ہم ایک مترجم کا انتظام بھی کر سکتے ہیں۔

07785331700 پر کال یا ٹیکسٹ کریں

یہاں ای میل کریں: nelondonicb.nelmnisa@nhs.net

اگر وکیل آپ کی مدد کرنے کے لیے صحیح فرد نہیں ہے، تو وہ آپ کو دستیاب دیگر معاونتوں کے بارے میں بتائے گی۔

اگر آپ MNISA سروس سے ناخوش ہیں تو کیا ہو گا؟

اگر آپ Dawn کی فراہم کردہ مدد سے، یا MNISA سروس سے ناخوش ہیں، تو آپ اس بارے میں کسی سے بات کر سکتے ہیں یا یہاں ای میل بھیج کر شکایت کر سکتے ہیں:

nelondonicb.complaints@nhs.net

مزید معلومات کے لیے، براہِ کرم وزٹ کریں:

https://northeastlondon.icb.nhs.uk/